**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2019**

**Pakistan Studies Paper I**

**Time: 30 minutes Marks: 20**

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نا لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نا لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ ”تمہیں اپنے صوبے اور اپنے وطن سے محبت اور اپنے فرائض کے درمیان فرق پہچاننا ہے۔ مجموعی طور پر ریاست کی طرف ذمہ داری ہمیں صوبائیت سے ایک درجے پرے لے جاتی ہے۔“

اسلامیہ کالج پشاور میں قائدِ اعظم کے خطاب سے اقتباس

درج بالا اقتباس کی روشنی میں نظریۂ پاکستان کے لیے کیا چیز نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے؟

A۔ ذات پات

B۔ علاقائیت

C۔ فرقہ واریت

D۔ اشتراکیت

2۔ کسی بھی ملک کے لیے نظریہ کو اہم جُزو مانا جاتا ہے کیوں کہ یہ

A۔ افراد میں تفریق پیدا کرتا ہے۔

B۔ انقلاب کا تصوّر دیتا ہے۔

C۔ فرد کو فرائض کی ادائیگی میں مدد دیتا ہے۔

D۔ انفرادیت کو فروغ دیتا ہے۔

3۔ برِّ صغیر کے مسلمانوں کے لیے شملہ وفد 1906 کامیاب ثابت ہوا کیوں کہ

A۔ برِّ صغیر میں مسلمانوں کو علیحدہ قوم تسلیم کیا گیا۔

B۔ مسلمانوں کو خود حکمرانی کا حق دیا گیا۔

C۔ برِّ صغیر میں مسلم افسران کی تعداد میں اضافہ ہوا۔

D۔ برِّ صغیر میں مسلمانوں کی خود حکمرانی کے تصوّر کی ابتداء ہوئی۔

4۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے عام انتخابات 37-1936 میں ناکامی کی اہم وجہ کیا تھی؟

A۔ انتخابی منشور کی عدم موجودگی

B۔ مرکزی قیادت کی عدم موجودگی

C۔ قابل قائدین کی کمی

D۔ مسلمانوں نے کانگریس کے تسلّط کو اہمیت نہ دی

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

5۔ برِّ صغیر کے مسلمانوں نے کانگریس حکومت 39-1937 کو اس کی جانبدارانہ سیاسی، سماجی اور معاشی پالیسیوں کے سبب ناپسند کیا۔

اس کے پیچھے سیاسی وجہ یہ تھی کہ کانگریس نے

A۔ برِّ صغیر میں مساجد کی تعمیر پر پابندی عائد کر دی تھی۔

B۔ برِّ صغیر میں عوامی رابطہ مہم شروع کر دی تھی۔

C۔ برِّ صغیر کے مسلم تاجروں اور کاروباری افراد کا بائیکاٹ شروع کر دیا تھا۔

D۔ برِّ صغیر کے تعلیمی اداروں میں وردہ مہم (Wardha Scheme) کو متعارف کروایا تھا۔

6۔ کابینہ مشن 1946 کا اہم نکتہ جو تقسیمِ ہند 1947 کی بنیاد ثابت ہوا یہ تھا کہ

A۔ جائیداد کی بنیاد پر حقِ رائے دہی کا قیام کیا گیا۔

B۔ اقلیتوں کے علیحدہ حلقۂ انتخاب کا حق سلب کیا گیا۔

C۔ قانون ساز کونسل کا غیر واضح طور پر قیام کیا گیا۔

D۔ اکثریتی آبادی کی بنیاد پر تین گروہوں کا قیام کیا گیا۔

7۔ برِّ صغیر کے مسلمانوں کے لیے انڈیا چھوڑ تحریک 1942 سود مند تھی کیوں کہ

A۔ برطانیہ نے ہندوؤں کو فوری طور پر آزاد کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

B۔ انڈین نیشنل کانگریس کو غیر قانونی جماعت قرار دے دیا گیا تھا۔

C۔ مسلمانوں نے مسلم اکثریت والے صوبوں پر غلبہ حاصل کر لیا تھا۔

D۔ مسلمانوں کو برِّ صغیر میں حکمرانی کی اجازت مل گئی تھی۔

8۔ باؤنڈری کمیشن کی ناانصافی کے سبب گورداس پور میں مسلم اکثریت 52.1 فی صد ہونے کے باوجود اس کو انڈیا کے حوالے کر دیا جس کی وجہ سے پاکستان کو درج ذیل میں سے کون سا مسئلہ درپیش آیا؟

A۔ اثاثوں کی تقسیم کا

B۔ نہری پانی کا

C۔ کشمیر کا

D۔ رن کچھ کا

April/ May 2019
for Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ الٹیے


9۔ 3 جون 1947 کے منصوبے کے مطابق یہ طے پایا گیا کہ نئی قائم شدہ ریاست آئین پر درج ذیل میں سے کس کی بنیاد پر عمل کرے گی؟

A۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935
B۔ آزادی ایکٹ 1947
C۔ سائمن کمیشن کی رپورٹ 1927
D۔ وائٹ پیپر 1932

10۔ نہری پانی کا مسئلہ جو کہ 1948 میں پیش آیا تھا کو بالآخر عالمی بینک کی مداخلت کے سبب کس سال میں حل کر لیا گیا؟

A۔ 1950
B۔ 1956
C۔ 1960
D۔ 1965

11۔ 'X' سے واضح کردہ پاکستان کا ہمسایہ ملک کون سا ہے؟




A۔ افغانستان
B۔ چین
C۔ انڈیا
D۔ ایران

April/ May 2019
Teaching for learning only

12۔ دریائے سندھ اور اس کے معاون دریاؤں کو خاص طور پر پاکستان کے لیے زندگی کا واحد ذریعہ قرار دیا جاتا ہے کیوں کہ یہ

A۔ بارش کے لیے بخارات کے اخراج میں معاونت کرتے ہیں۔

B۔ علاقہ کی خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں۔

C۔ پن بجلی کی پیداوار کے لیے پانی فراہم کرتے ہیں۔

D۔ زرعی سرگرمیوں میں معاونت کرتے ہیں۔

13۔ احسن صوبہٗ سندھ کے صحرائی علاقہ میں رہتا ہے، جہاں پانی کی کمی ہے۔ اس علاقے کا اوسط درجہ حرارت 24°C سے 41°C کے درمیان رہتا ہے۔ وہ ایک ہی مقام پر طویل عرصے کے لیے قیام نہیں کر سکتا۔

اسے اپنی اور اپنے اہلِ خانہ کی بقاء کے لیے، درج ذیل میں سے کس پیشے کو اختیار کرنا چاہیے؟


A۔ ماہی گیری

B۔ جنگل بانی

C۔ گلّہ بانی

D۔ گزارے کے لائق کاشت کاری

14۔ درج ذیل میں سے کون سا اشارہ پاکستان کے خشک آب و ہوائی خطے کی نشان دہی کرتا ہے؟




A۔ I

B۔ II

C۔ III

D۔ IV

April/ May 2019
Teac for & Learning only

15۔ پاکستان کے شمالی علاقوں کے لوگ بطورِ ایندھن استعمال کے لیے درخت کاٹ دیتے ہیں جس کے سبب ملک میں عالمی حدّت (global warming) میں اضافہ ہورہا ہے۔

حکومت کو عالمی حدّت (global warming) کو کم سے کم کرنے کے لیے کون سا اہم قدم اُٹھانا چاہیے ؟

A۔ ہر علاقہ میں فاریسٹ آفیسر کا تقرر کرے۔

B۔ درخت کی کٹائی اور لکڑی کے استعمال کے حوالے سے قانون سازی کرے۔

C۔ بنجر علاقوں میں آب پاشی کی سہولیات فراہم کرے۔

D۔ شمالی علاقوں کے رہائشیوں کو قدرتی گیس فراہم کرے۔

16۔ کون سے علاقوں میں خطہ نیم حار کے جنگلات قائم ہیں ؟

A۔ چترال، دیر، کوہستان

B۔ ہمالیہ صغیرہ اور سوالک کا سلسلہ

C۔ سندھ اور پنجاب کے میدان

D۔ کوہ سلیمان اور کوہ کیرتھر کے پہاڑی سلسلے

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

17۔ پاکستان کی صنعتوں میں استعمال ہونے کے سبب سب سے اہم جنگل کون سا ہے؟

A۔ پہاڑی جنگلات

B۔ دامنِ کوہ کے جنگلات

C۔ ساحلی جنگلات

D۔ مغربی خشک کوہستانی جنگلات

18۔ گلّہ بانی کے لیے درج ذیل میں سے کون سا قدرتی عامل ضروری ہے ؟

A۔ مویشی کے لیے چراہ گاہ

B۔ دودھ دوہنے اور اون اتارنے کے لیے مزدوروں کی دستیابی

C۔ مویشیوں سے حاصل شدہ اشیاء کو ذخیرہ کرنے کی سہولت

D۔ مویشیوں کے علاج کی سہولت

19۔ ملک میں توانائی کی پیداوار میں اضافے کے لیے حکومت درج ذیل میں سے کون سا ممکنہ اور ماحول دوست طریقہ اپنا سکتی ہے؟

A۔ قابلِ تجدید توانائی کے استعمال کو نعم البدل کے طور پر استعمال کیا جائے

B۔ توانائی کی پیداوار کے لیے ملک میں معدنی وسائل کی تلاش کی جائے

C۔ صنعتوں کو توانائی کی فراہمی سے متعلق قوانین پر عمل درآمد کرایا جائے

D۔ توانائی کے لیے ایندھن کی دوسرے ممالک سے درآمدات کی جائے

20۔ احمر کو وارثت میں زمین ملتی ہے جو تھوڑ کے سبب اب ناقابلِ کاشت ہے۔ وہ اس زمین کو دوبارہ زرعی مقصد کے لیے استعمال کرنا چاہتا ہے۔

اس مسئلے کے حل کے لیے کون سا مشورہ بہترین ہو گا؟

A۔ زمین (کھیت) پر ٹیوب ویل نصب کرے

B۔ یوکلپٹس کے درخت لگائے

C۔ ٹریکٹر کی مدد سے ہل چلائے

D۔ اس زمین پر چونے کے پتھر کا استعمال کرے

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only